حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

● **نام کتاب: سیرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ   تالیف: مولانا ثناء اللہ سعد شجاع آبادی   (مبصر: سید عطاء المنان بخاری)**

ضخامت: ۴۹۶ صفحات   قیمت: ۴۵۰ روپے   ملنے کا پتہ: ادارہ اشاعت الخیر بیرون بوہڑ گیٹ، ملتان

مولانا ثناء اللہ سعد شجاع آبادی علمی وتحقیقی ذوق رکھنے والے عالمِ دین ہیں۔قرآن وحدیث، سیرت طیبہ و سیرتِ ازواج واصحاب رسول علیہم الرضوان کے مطالعے کا اعلیٰ ذوق رکھتے ہیں۔صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے بے پناہ محبت سے سرشار ہیں اللہ تعالیٰ نے انھیں تحریر کی صلاحت سے بھی مالا مال کیا ہے اور انھوں نے اس صلاحیت کو اصحابِ رسول علیہم الرضوان کی مدحت ومنقبت کے لیے وقف کر دیا ہے۔

زیرِ تبصرہ کتاب اسی سچے جذبے کا بھرپور اظہار ہے۔امیر المؤمنین خلیفۂ بلافصل رسول سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی شخصیت وسوانح اور کارناموں پر اردو زبان میں بے شمار کتابیں موجود ہیں۔جب تک دنیا قائم ہے آپ کا ذکرِ خیر ہوتا رہے گا اور مسلمان آپ سے محبت کا اظہار کرتے رہیں گے۔

سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی ہمہ جہت شخصیت کے متعلق تمام باتیں کسی ایک کتاب میں یکجا نہیں، ان موتیوں کو چننے کے لیے کئی کتابوں کا مطالعہ کرنا پڑتا ہے۔اللہ تعالیٰ کی توفیق سے یہ سعادت مولانا ثناء اللہ سعد نے حاصل کی ہے۔ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی سیرت وکارناموں کا مکمل احاطہ تو ممکن نہیں تاہم مولانا ثناء اللہ نے تحقیق وجستجو کی گھاٹی کو عبور کر کے کافی مواد اس کتاب میں جمع کر دیا ہے۔نو ابواب پر مشتمل اس کتاب میں نام ونسب، ولادت، خصوصیات، قبولِ اسلام میں اوّلیت، دعوت واشاعت اسلام میں جانی ومالی قربانی، اسلام کے خلاف اٹھنے والے فتنوں خصوصاً فتنۂ ارتداد ومانعینِ زکوٰۃ کے لیے خاتمے کے آپ کے عظیم الشان کارناموں کو تفصیل کے ساتھ یکجا کر دیا ہے۔صحابہ رضی اللہ عنہم کی محبت ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے۔اس لیے ضروری ہے کہ اس محبت کا اظہار گھر گھر ہونا چاہیے اور یہ کتاب ہر گھر میں موجود ہونی چاہیے۔اسلوبِ تحریر انتہائی سادہ، عام فہم اور دل نشیں ہے۔ماخذ وحوالہ جات اور اکابر کی تحقیق سے استفادے کا بھرپور اہتمام کیا گیا ہے۔نیز سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی ذات اقدس پر مطاعن کا مدلل جواب بھی دیا گیا ہے۔

● **نام کتاب: سیرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ   مؤلف: ابومحمد مولانا ثناء اللہ سعد شجاع آبادی**

ضخامت: ۵۹۲ صفحات   قیمت: ۶۰۰ روپے   ملنے کا پتہ: ادارہ اشاعت الخیر، بیرون بوہڑ گیٹ، ملتان

عز الاسلام، خلیفہ راشدین، مرادِ رسول سید عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی شخصیت، سوانح، خدمات اور کارناموں پر